VIA | Victim Information and Advice

صلاح

برائے نفرت پر مبنی جرم کے متاثرین

اگر آپ اس دستاویز کو کسی دیگر زبان میں، بڑے پرنٹ، آڈیو، بریل یا دوسری شکل میں چاہتے ہیں تو براہ کرم VIA سے رابطہ کریں۔ RNID ٹیکسٹ رلے پریفکس 18001 کے زریعہ آنے والے سبھی فون کا ہم خیرمقدم کرتے ہیں۔

VIA آپ کو ضمانت کے متعلق کوئی بھی اطلاع، اور اگر ضمانت دی جاتی ہے، تو اس پر نافذ شرائط کے متعلق اطلاع دے گا۔

کیا مجھے کورٹ جانا ہوگا؟

اگر ملزم گناہ قبول کر لیتا ہے، تو عام طور پر آپ کو کورٹ نہیں جانا ہوگا۔

اگر ملزم گناہ قبول نہیں کرتا ہے، تو آپ کو شاید بطور گواہ کورٹ جانا پڑے اور گواہی دینا پڑے۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ کو کورٹ کو بتانا ہوگا کہ آپ کو جرم کے متعلق کیا معلوم ہے۔

جسے بھی کورٹ میں گواہی دینی ہوتی ہے اسے کورٹ میں سب سے پہلے سچ بولنے کا وعدہ کرنا ہوتا ہے۔ آپ یہ وعدہ اس طریقے کے مطابق کر سکتے ہیں جو آپ کے مذہب، زبان اور ثقافت کے مطابق ہو۔

جرم کا ملزم بھی کورٹ میں موجود ہو سکتا ہے۔

کیا شامل ہے اس کے متعلق VIA آپ کو معلومات دے گا اور کارروائی کے دوران آپ کی مدد کرے گا۔ ٹرائل سے پہلے آپ کو کورٹ کا دورہ کرانے کے لئے ہم کسی انتظام کر سکتے ہیں، تاکہ آپ یہ جان لیں کہ کیا ہوتا ہے۔ ہم اس پر بھی تبادلہ خیال کر سکتے ہیں کہ کیا آپ اپنی گواہی کسی مختلف طریقوں سے بھی دے سکتے ہیں۔

کیا ملزم کو میری رہائش کے متعلق معلومات حاصل ہو جائے گی؟

حالانکہ آپ کے متعلق معلومات دفاعی وکلاء کو دئے جائیں گے، انھیں ملزم کو آپ کا پتہ بتانے کی اجازت نہیں ہے۔

کورٹ میں آپ کا پتہ پڑھ کر نہیں سنایا جائے گا جب یہ وہ جگہ نہیں ہو جہاں جرم ہوا تھا۔ لیکن یہ ظاہر ہو سکتا ہے اگر جرم کو اس پتہ سے دیکھا گیا ہو یا وہاں سے کوئی چیز برآمد کیا گیا ہو۔ اگر آپ اس کے متعلق فکرمند ہیں، تو اپنے خدشات پر فسکل کے ساتھ گفتگو کرلیں۔

تعاوُن کرنے والی تنظیمیں

تعاوُن کے لئے آپ درج ذیل تنظیموں میں سے کسی ایک کے ساتھ رابطہ کر سکتے ہیں۔

تعاوُن برائے مظلوم اسکاٹ لینڈ (Victim Support Scotland)

جرم سے متاثرین اور ان کے اہل خاندان کو عملی اور جذباتی تعاوُن فراہم کرتا ہے۔ مقامی تفلیات کے لئے:

دفتری اوقات کے دوران **0845 603 9213**

www.victimsupportsco.org.uk

خدمت گواہ (Witness Service)

کورٹ میں پیش ہونے کے وقت سبھی مظلومین اور گواہوں، اور ان کے اہل خاندان اور دوستوں کو، عملی اور جذباتی تعاوُن فراہم کرتا ہے۔

مقامی خدمت گواہ کی تفصیلات کے لئے براہ کرم تعاوُن برائے مظلوم اسکاٹ لینڈ سے رابطہ کریں، VIA سے پوچھیں یا اس کورٹ سے رابطہ کریں جہاں مقدمے کی کارروائی ہونی ہے۔

مساوات اور حقوق انسانی کمیشن (Equality and Human Rights Commission)

اپنے مقاقی دفتر کی تفصیلات کے لئے **0845 604 5510** پر فون کریں

www.equalityhumanrights.com

آپ کے مقامی علاقے میں مدد فراہم کرنے والی دیگر تنظیمیں بھی ہو سکتی ہیں۔ تفصیلات کے لئے براہ کرم VIA سے رابطہ کریں۔

مزید معلومات

اگر آپ کوئی مزید معلومات چاہتے ہیں یا کوئی ایسی بات ہے جس کے متعلق آپ کو خدشہ ہے تو براہ کرم منسلک خط پر دئے گئے ٹیلی فون نمبر پر اپنے مقامی VIA دفتر سے رابطہ کریں۔

متبادل کے طور پر ہمارے پوچھ تاچھ مرکز پر بذریعہ ٹیلی فون 739557 01389 یا 3000 561 0844 پر رابطہ کریں

یا ہمارے ویب سائٹ www.copfs.gov.uk پر جائیں

معلومات و صلاح برائے مظلوم
کراؤن آفس اور پروکیوریٹر فسکل خدمات کا ایک حصہ

© کراؤن کاپی رائٹ 2010

APS گروپ اسکاٹ لینڈ
03/12 DPPAS12579

معلومات و صلاح

نفرت پر مبنی جرم ایک جرم ہوتا ہے جو مجرم اس لئے کرتا ہے کیوں کہ اس کے مطابق مظلوم ایک خصوصی نسل، مذہب، جنسی رجحان، ٹرانسجینڈر پہچان کا ہے یا معذور ہے، چاہے یہ صحیح ہو یا نہیں۔

تعصب کی وجہ سے اضافہ شدہ جرم ایسا جرم ہے جو اس وجہ سے زیادہ سنگین ہو گیا ہے کیوں کہ:

- یہ اس یقین سے کیا گیا ہے کہ مظلوم کسی مخصوص نسل، مذہب، جنسی رجحان، ٹرانسجینڈر پہچان کا ہے یا معذور ہے؛ یا
- نسل، مذہب، معذوریت، جنسی رجحان، ٹرانسجینڈر پہچان سے متعلق تعصب کے ساتھ یا اس سے ترغیب شدہ تھا۔

مظلوم پر اس کا اثر بہت پریشان کن ہو سکتا ہے اور اس کی وجہ سے بہت زیادہ خوف اور فکرمندی پیدا ہو سکتی ہے۔ بطور مظلوم یا گواہ انصاف برائے فوجداری نظام میں ملوث ہونا بھی پریشان کن اور الجھن بھرا ہو سکتا ہے۔ **صلاح و معلومات برائے مظلوم** (Victim Information and Advice –VIA) آپ کی مدد کر سکتا ہے۔

VIA کے متعلق

VIA کراؤن آفس اور پروکیوریٹر فسکل سروس کا حصہ ہے۔ پروکیوریٹر فسکل (فسکل) اسکاٹ لینڈ میں جرم کی تفتیش اور استغاثہ کے لئے ذمہ دار ہے۔

VIA کا عملہ استغاثہ نہیں ہے۔ ہمارا کام مظلوم، گواہ اور اچانک، غیرمتوقع یا جرم سے متعلق اموات کے کچھ معاملوں میں، قریبی رشتہ داروں کی مدد کرنا بھی ہے۔

اس مشکل وقت میں VIA آپ کی ذیل طریقوں سے مدد کر سکتا ہے:

- انصاف برائے فوجداری نظام کیسے کام کرتا ہے اور آپ کیا توقع کر سکتے ہیں، اس کے متعلق معلومات اور صلاح فراہم کرتا ہے
- آپ کے معاملے کی پیش قدمی کے متعلق آپ کو آگاہ رکھنا
- مظلوم اور اس کے خاندان کو دیگر خدمات کے ساتھ رابطہ کرانا

کسی مرحلے میں اگر آپ ہماری مدد نہیں چاہتے ہیں، صرف ہمیں بتا دیں۔ اگر آپ اپنا ذہن تبدیل کر لیتے ہیں، براہ کرم ہم سے رابطہ کریں۔

اضافی تعاؤن

اگر آپ کی پہلی یا ترجیحی زبان انگریزی نہیں ہے، تو کورٹ میں کیا کہا جا رہا ہے اسے سمجھنے کے لئے یا آپ کو گواہی دینے کے لئے آپ کو ایک ترجمان کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ یہ تب بھی ضروری ہو سکتا ہے اگر آپ روزمرہ زندگی کے لئے معقول انگریزی جانتے ہیں۔

یہ ممکن ہے کہ آپ کو کچھ دستاویزوں جیسے کہ فسکل سے خط، آپ کو اپنی ترجیح زبان میں دئے جانے کی ضرورت ہو۔

کچھ لوگوں کو اضافی تعاؤن کی ضرورت ہو سکتی ہے، مثال کے طور پر کورٹ تک رسائی میں مدد۔

اگر آپ کو کوئی خدشات یا خصوصی ضروریات ہے تو VIA سے کہیں۔ ہم اس پر بھی تبادلہ خیال کریں گے کہ کیا آپ کو اپنی گواہی دینے کے لئے مختلف طریقے موجود ہیں۔

ہمیں امید ہے کہ آپ کی قانونی کارروائی کے متعلق آپ کے کچھ سوالات کے جوابات اس پرچے سے مل گئے ہوں گے۔ اگر آپ کوئی مزید معلومات چاہتے ہیں یا کوئی ایسی بات ہے جس کے متعلق آپ کو خدشہ ہے تو براہ کرم ہم سے پوچھیں۔

کیا ہوتا ہے اگر کسی پر تعصب کی وجہ سے اضافہ شدہ جرم کا الزام لگتا ہے؟

فسکل اور کورٹ ان جرائم کو بہت سنجیدگی سے لیتے ہیں۔ عام طور پر ملزم پر جو فرد جرم عائد کیا جاتا ہے اس میں ایسے الفاظ شامل کئے جاتے ہیں جو ظاہر کرتے ہیں کہ جرم تعصب کی وجہ سے اضافہ شدہ ہے۔ فسکل اس حالت میں مقدمہ چلائے گا اگر معقول ثبوت موجود ہو اور اگر وہ سوچتے ہیں کہ ایسا کرنا عوام کے مفاد میں ہے۔

عوام کے مفاد کا مطلب ہے کہ فسکل معاملے کے ہر ایک پہلو کو دیکھے گا – مظلوم اور ملزم کے کے ساتھ ساتھ وسیع معاشرے کے نظریہ سے بھی۔ اس میں بہت سے وجوہات شامل ہیں – مثال کے طور پر، جرم کی نوعیت، اور سنگینی، مظلوم اور دیگر گواہان پر اس کا اثر، اور وسیع حالات کہ کیا ہوا تھا اور کون کون شامل تھے۔

کیا مقدمہ چلایا جائے گا؟

ملزم کو کورٹ میں حاضر ہو کر اپنے گناہ کو قبول کرنا یا انکار کرنا ہوتا ہے۔

اگر ملزم گناہ قبول کرتا ہے، تو کورٹ فوری طور، یا مزید معلومات پر غور کرنے کے بعد پر فیصلہ سنا سکتا ہے۔

اگر ملزم گنا قبول نہیں کرتا ہے، ٹرائل کے لئے ایک تاریخ متعین کی جائے گی۔

اگر مقدمہ ٹرائل کے لئے جاتا ہے، تو VIA آپ کو کورٹ کی کارروائی کے نظام کے متعلق تفصیل بتا سکتا ہے، اور آپ کے مقدمے کی پیش رفت کے متعلق معلومات سے آگاہ کرے گا۔

کیا ٹرائل سے پہلے ملزم کو قید میں رکھا جائے گا؟

کورٹ فیصلہ کرے گا کہ ٹرائل سے پہلے ملزم کے ساتھ کیا ہوگا۔

کورٹ ملزم کو حراست میں لینے کا حکم دے سکتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ انہیں ٹرائل تک قید میں رکھا جاتا ہے۔

تاہم، کورٹ ملزم کو ٹرائل تک ضمانت میں پر رہا کرنے پر بھی متفق ہو سکتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ انہیں اس شرط پر رہا کیا جاتا ہے کہ وہ دوبارہ جرم نہیں کریں گے۔ کورٹ قتل جیسے بہت سنگین الزام کے لئے بھی ضمانت دے سکتا ہے۔

اگر ضمانت پر رہا کیا جاتا ہے، تو ملزم کو آپ کو یا دیگر گواہان کو دھمکی دینے یا ڈرانے یا پریشان کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ کورٹ انہیں آپ کے یا آپ کی رہائش کے قریب نہیں جانے کا بھی حکم دے سکتا ہے۔ اگر ملزم ان میں سے کسی بھی شرائط کی خلاف ورزی کرتا ہے، تو فورا پولس سے رابطہ کریں کیوں کہ وہ ملزم کو ضمانت کی شرائط کی خلاف ورزی کے لئے گرفتار کر سکتی ہے۔

اگر ملزم کو آپ کے قریب نہیں آنے یا رابطہ نہیں کرنے کا حکم دیا گیا ہے، تو یہ ضروری ہے کہ آپ ان کے قریب نہیں جائیں اور رابطہ نہیں کریں۔